ماریشس سے ہندوستان تک

حامد بی بی فرزانہ بی۔اے (اردو آنرز)
بریزے ورجیر

۲۵ جون ۱۹۹۸ء میری زندگی کا سب سے خوشگوار دن ہے۔ اٹھارہ سال بعد آج زندگی میں پہلی بار میں ہوائی جہاز میں سفر کرنے جا رہی ہوں۔ میں تین سال کے لئے ماریشس چھوڑ کر ہندوستان میں اپنی گریجویشن کی تعلیم کرنے جا رہی ہوں۔ تقریباً ساری تیاریاں ہو چکی تھیں۔ میری بڑی بہن نے پہلے سے ہی سارا سامان جیسے کپڑے، پیپر، پاسپورٹ، ٹکٹ وغیرہ سوٹ کیس میں رکھ دیا تھا۔ بس میں رات کا انتظار کر رہی تھی کہ کب رات آئے اور میں ہندوستان چلی جاؤں۔ لوگ، پڑوسی، رشتے دار وقتاً فوقتاً مجھ سے ملنے آ رہے تھے اور دعائیں دے رہے تھے۔ جب جانے کا وقت ہوا میں نے اچھے کپڑے پہنے۔ پھر ماں نے مجھے کھانا دیا۔ کھانے سے فارغ ہو کر میرے ابو جان سارا سامان اور پاسپورٹ وغیرہ دیکھنے لگے۔ پھر گاڑی آ گئی۔ ہم سب سوار ہو گئے۔ راستے میں میری امی زار و قطار رو رہی تھیں۔ میں بھی چپکے چپکے رو رہی تھی۔ میرے ابو جان بہت سخت ہیں۔ وہ اپنے آنسوؤں کو اندر ہی اندر پی رہے تھے۔ میرے بہنوئی میرا مذاق اڑانے لگے کہ مجھے بڑی آرزو تھی ہندوستان جانے کی، اور اب میں خود رو رہی ہوں۔

جب ہم ہوائی اڈے پہنچے تو میں کاغذی کارروائی کرنے اندر چلی گئی۔ پھر سامان چھوڑ کر واپس باہر آ گئی۔ آخری پل تھا اپنے رشتے داروں سے آخری باتیں کرنے کی۔ جب جانے کا اعلان لاؤڈ اسپیکر پہ ہوا تو میں ہر ایک کو چوم کر الوداع کہنے لگی۔ آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ رشتے داروں اور میرے والدین کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ کوئی بھی کچھ نہیں کہہ رہا تھا بس سبھی نے خاموشی اختیار کر لی تھی۔

میں ہوائی جہاز میں بیٹھی۔ ویسے تو ہندوستان تک پہنچنے کے لئے سات گھنٹے اور پندرہ منٹ لگنے والے تھے۔ ہوائی جہاز میں سارے انتظامات تھے۔ ایر ہاسٹس نے ہر ایک کو ایک ایئرفون دیا۔ اس کی مدد سے جو چینل سننا چاہتی تھی سن سکتی تھی۔ اس میں شاید دس چینل تھے۔ اور ایک چینل ٹیلی ویژن کا تھا۔ ایک پر ہندوستانی فلم بھی چل رہی تھی۔ میں بھی ٹی۔وی۔ دیکھتی تھی تو کبھی مغربی موسیقی سنتی تھی۔ ایر ہاسٹس وقتاً فوقتاً چائے کافی یا جوس دینے آتی اور پوچھتی کہ کوئی تکلیف تو نہیں اور میں انکار کر دیتی۔ اس کے علاوہ رنگ برنگے میگزین بھی رکھے ہوئے تھے۔ میں نے ہاسٹس سے دو قلم تحفے کے طور پر مانگے اور اس نے بڑی مہربانی سے مجھے دے دیئے۔ ساتھ ہی ساتھ مجھے یہ بھی بتایا کہ اور بھی کھیل ہوتے ہیں جیسے تاش اور شطرنج جو بیچ میں ختم ہو گئے تھے۔

رات کو کھانے کے وقت ہمیں چاول، مرغی، آلو کی سبزی، آئس کریم اور پھل بھی ملے۔ رات کو مجھے نیند بھی آنے لگی۔ لیکن پر پیٹری وجہ سے اتنا شور ہو رہا تھا کہ نیند خراب ہو رہی تھی۔ ایر ہاسٹس نے ہر ایک مسافر کو کمبل دیا۔ مجھے قطعی نیند نہیں آ رہی تھی۔ میں اٹھ کر اسٹیورڈ کے پاس گئی۔ اس سے باتیں کرنے لگی۔ وہ نہایت خوبصورت، باتونی اور مہربان شخص تھے۔ باتوں باتوں میں وقت کا احساس ہی نہیں ہوا۔ مجھے تو بالکل ہی پتہ نہیں چل رہا تھا کہ ہم ہوائی جہاز میں اُڑ رہے تھے۔ بس شروع میں ایک ڈر سا لگتا ہے جو اب بالکل ختم ہو گیا۔

جب ہم ہندوستان پہنچے تو ایر ہاسٹس ہمیں دہلی کے درجۂ حرارت اور موسم کا حال بتانے لگی۔ وہ یہ بھی کہنے لگی کہ یہاں پر نہایت گرمی ہے پینتالیس ڈگری ٹمپریچر۔ میں ہوائی جہاز سے اتری اور کاغذی کارروائی کے لئے لائن میں کھڑی ہو گئی جہاں بہت سے ٹورسٹ لائن میں کھڑے تھے۔ مجھے تعجب ہوا کہ اتنا بڑا ہوائی اڈہ ہے جب کہ ماریشس کا تو بہت چھوٹا مگر خوبصورت ہے۔ باہر نکلی تو میری سہیلی فرح ناز انتظار کر رہی تھی۔ مجھے دیکھتے ہی ہاتھ ہلانے لگی۔ میں خوشی کے مارے اس سے لپٹ گئی۔ اس وقت مجھے احساس ہوا تھا کہ میرے والدین مجھ سے بچھڑ چکے ہیں۔ میری سہیلی مجھ سے باتوں باتوں میں ماریشس کے بارے میں پوچھنے لگی۔

میں دل ہی دل میں سوچ رہی تھی کہ واہ میرے خوابوں کا ہندوستان! ہر چیز میرے لئے عجیب و غریب ثابت ہو رہی تھی۔ صبح کا وقت تھا۔ ہم سب اپنی سہیلی کے گھر کی سمت جا رہے تھے۔ ہر طرف دکانیں ہی دکانیں۔ ایک شخص نے دھوتی پہنی ہوئی تھی بالکل ہندوستانی فلموں کی طرح۔ اس وقت ایک عجیب سی کیفیت مجھ پر طاری تھی۔ چھوٹی چھوٹی گلیاں چھوٹی اور بڑی دکانیں دادا گھر واپس آئے۔ نہا دھو کر کھانا کھایا۔ پھر گھر جی بھر کی سیر کے لئے نکلے۔ بڑے بڑے پارک، وہاں پر ہر کوئی کریول زبان میں نہیں ہندی میں گفتگو کر رہا تھا۔ مجھے ہر چیز عجیب لگ رہی تھی۔ دکان میں گئے تو وہاں دکاندار میری سہیلی سے سوالات کرنے لگا۔ ابھی تک میرے منہ سے ایک لفظ بھی نہیں نکلا تھا حالانکہ میں اردو میں ماہر تھی۔ تب مجھے احساس ہوا کہ کسی نے ایک زبان چاہے کتنی ہی کیوں نہ پڑھی ہو لیکن جب تک اس کی زبانی مشق نہ کی جائے مشکل ہی لگتی ہے۔

میری سہیلی مجھے سامان آرائش کی دکان پر لے گئی پھر اسٹیشنری بیچنے والے کے پاس، سبزی بازار اور افزائش حسن کے مرکز بھی لے گئی۔ مجھے حیرت ہو رہی تھی کہ ہندوستان میں ہر ایک مختلف چیز کی مختلف دکان ہوتی ہے۔ ہمارے یہاں تو ایک ہی دکان میں جوتا، پاؤڈر، غازہ، سرخی، سامان کتابت، گوشت، مچھلی وغیرہ ملتے ہیں۔ پھر یہاں پر الگ الگ کیوں ہیں۔ خیر شاید یہاں کا اپنا چلن اور نظام زندگی ہے۔ ابھی اچانک کسی نے آواز نکالی "کباڑی والا" میں چونک گئی اور اپنی سہیلی سے ماجرا پوچھا اس نے ہنس کر مجھے سمجھایا۔ مجھے اور بھی حیرت ہوئی۔ ہمارے یہاں تو اس کام کا کوئی نہیں کرتا۔ اسی وقت میرا جوتا ٹوٹ گیا۔ میری سہیلی مجھے موچی کے پاس لے گئی۔ اس نے صرف دو روپے مانگے۔ مجھے ہنسی آئی۔ ہمارے یہاں تو چھوٹے کام کے لئے موچی پچیس روپے سے کم نہیں لیتا ہے۔

اچانک میں نے کچھ لوگوں کی باتیں سنیں جو نہایت گھٹیا تھیں۔ وہ لوگ پان کھا رہے تھے اور وقتاً فوقتاً سڑک پر تھوک بھی رہے تھے جو مجھے نہایت غلیظ لگا۔ یہ کیا ہے؟ ہمارے یہاں تو لوگ بہت مہذب ہوتے ہیں کسی کی مجال نہیں کہ وہ کسی کے سامنے بغیر رومال کے چھینکے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ ہمیں بہت اچھے لوگ بھی ملے جیسے میرا لینڈ لارڈ یعنی مکان مالک۔ میری سہیلی میری طرف متوجہ ہوئی اور پوچھا کیا بات ہے۔ میں نے اسے اپنے دل کا حال سنایا۔ پھر اس نے مجھے تسلی دی کہ "یہاں سب کچھ ہوتا ہے تم ابھی نئی آئی ہو۔ عادت نہیں ہے تمہیں لیکن آہستہ آہستہ پڑے گی۔" یہ کہہ کر ہنس پڑی۔

اب کافی دیر ہو چکی تھی اور ہم دونوں تھک گئے تھے۔ ہم پسینے میں شرابور ہو چکے تھے۔ دونوں جلدی جلدی گھر واپس آئے اور میں بہت دیر تک اپنے پہلے تاثر میں ڈوبی رہی پھر آہستہ آہستہ سو گئی۔

قوم بھی ایک تقدیر بھی ایک

از شاہ

موقعۂ یومِ آزادی پر USU کے جانب سے منعقدہ مقابلۂ مضمون نگاری میں انعام یافتہ مضمون

آج سے تقریباً دو ڈھائی سو سال قبل بحرِ ہند کے بے کراں سمندر میں ایک کشتی ہچکولے کھاتی، طوفانوں کا مقابلہ کرتی، گھٹا ٹوپ اندھیرے میں ایک درخشاں مستقبل کی امید میں آگے بڑھ رہی تھی۔ اُس کشتی کے سوار جن کی آنکھوں میں بے شمار خواب تھے۔ اپنی آنکھوں میں روشن مستقبل کا حسین خواب سجائے، نئی صبح کی امید لئے دور اُفق پر اپنی درخشاں قسمت دیکھ رہے تھے۔ خوابوں کے ایک حسین جزیرے کی طرف یہ کشتی رواں دواں تھی۔ اُنہیں یہ بھی نہ معلوم تھا کہ ان کی منزل کیسی ہے۔ اِن کے خوابوں کا جو حسین وطن ہے وہ کیسا ہے انکے خوابوں کی طرح حسین ہے یا ایک گھنا جنگل ہے، جہاں کی دھوپ جلد کو جھلسائے اور حبس ایسی جو جسم کا پسینہ نچوڑے مگر خوابوں کا کیا ہے ان آنکھوں میں جو سپنے تھے وہ تو حسین تھے۔ ان سپنوں میں وہ جیسے خود کو خوش حال دیکھ رہے تھے۔ خوبصورت سا ایک گھر جس میں ان کے پیارے پیارے بچے ہونگے ایک وفاشعار بیوی اور زندگی کی تمام راحتیں ان کے پاس ہونگی۔ یہ حسین خواب جو آنکھیں دیکھ رہی تھیں وہ مختلف قوموں، مختلف مذاہب کے لوگ تھے۔ ایک کشتی میں سوار ایک منزل کی طرف رواں دواں خوابوں کے جزیرے میں ایک حسین مستقبل کی جستجو میں۔ کشتی کے سواروں کی زبان پر ایک ہی دعا دل میں ایک ہی تمنا، ایک ہی آرزو، ایک ہی خواہش۔ اس کشتی کے مسافر ایک ہی قبیلے یا قوم سے نہیں بلکہ مختلف مذاہب کے لوگ تھے، ہندو، مسلمان، کرسچن اور پھر اس پر طرّہ یہ کہ مختلف زبانوں کے بولنے والے۔ اردو، ہندی، تامل بولنے والے لوگ سب ایک ہی کشتی میں سوار تھے۔ اور جب یہ کشتی ساحلِ امید پہ اُتری تو جیسے آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھا گیا۔ ساحلِ امید پر ایک گھنا جنگل تھا۔ خاردار جنگل اور نیچے پہاڑ۔ خوابوں کا وہ حسین محل چکنا چور ہو گیا۔ یاس وافسردگی اور بے چارگی کا احساس شدت سے ہوا مگر...... مگر ان کی ہمت نے جواب نہیں دیا تھا یہ باہمت لوگ جو کہ مختلف مذاہب اور زبانوں کے بولنے والے مختلف جگہوں سے آئے ہوئے اب ایک ہو چکے تھے کیونکہ ایک چیز اس قدر مشترک تھی اور وہ تھا ان کا خواب۔ اب یہ ایک قوم بن چکے تھے اور صرف اُس جزیرے کے باشندے تھے جو انکے خوابوں کا حسین وطن بننے والا تھا۔ ان کی مشترکہ محنت لگن کام، کام اور کام ہی کام نے اسکو جنت نظیر بنا دیا جو جزیرہ صرف جنگل پر مشتمل تھا رفتہ رفتہ زراعتی جزیرہ بن گیا اور اس جزیرے کی خوبصورتی و رعنائی آہستہ آہستہ اُبھرنے لگی۔ ان کی مشترکہ کوششوں اور محنت نے اس کی خوبصورتی کو اُبھارا، اسے چار چاند لگا دیا۔ اِن سبھوں نے اس جزیرے کو اپنا وطن بنالیا اس کی خوبصورتی اور رعنائی کو اُبھارنے میں اپنی جان لگادی۔ بے شک وہ کہہ سکتے تھے۔

چاند میری زمین پھول میرا وطن
میرے کھیتوں کی مٹی میں لعلِ یمن
میرے ملاح لہروں کے پالے ہوئے
میرے دہقاں پسینوں کے ڈھالے ہوئے
چاند میری زمین پھول میرا وطن
میرے مزدور اُس دور کے کوہ کن میرے
دہقاں یونہی ہل چلاتے رہیں
میری مٹی کو سونا بناتے رہیں
گیت گاتے رہیں میرے شعلہ بدن
چاند میری زمین پھول میرا وطن

اب یہ مختلف النسل و مختلف المذاہب لوگوں کا مشترکہ نصیب تھا۔ اب یہ اپنا نصیب چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتے تھے جس طرح یہ سب لوگ اب ایک قوم تھے اسی طرح یہ خوابوں کا جزیرہ انکا ایک نصیب تھا۔ وقت گزرتا گیا زمانے بیتے اور پھر اس قوم کا نصیب جاگا ہوا انگریزی اور فرانسیسی حکومت کو تو چھوڑیں صرف برطانیہ ہی کی ۱۶۰ سال کی طویل حکومت کے بعد اِس قوم کو آزادی کی نعمت ملی اور یہ ثمرہ تھا اس ایک قوم کی ایکتا کا، اتحاد کا "ایک قومی نظریے کا"۔ اسی ایک قومی نظریے نے ان خوابوں کے جزیرے کو جنت نظیر بنا دیا Paradise on earth۔ زمین پر جنت کا ایک جزیرہ بنا دیا۔

دراصل برطانوی تسلط سے آزادی کے بعد ہی اس "ایک قومی نظریے" کو پھلنے پھولنے کا موقع ملا اور ہمارے رہنماؤں، دانشوروں اور مفکروں نے اس ایک قومی نظریے کو ہر دور میں زندہ رکھا وہ جانتے تھے کہ ایک قومی نظریہ ہی ہماری تقدیر ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ بڑے بڑے جمہوری ممالک کی مثال سامنے ہے۔ متحدہ ہائے امریکہ ہی کو لے لیں دنیا کا کون سا ملک ہے جس کے لوگ وہاں نہیں بسے ہوئے ہیں؟ وہیں بس گئے اور ان کی ایک قومی نظریے کی تحریک میں شامل ہوئے یعنی امریکی صرف امریکی اور آج امریکہ دنیا کا سب سے زیادہ ترقی یافتہ ملک ہے۔

برِصغیر، ہندوستان غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ملک لیکن جب ایک قومی نظریہ "قوم بھی ایک تقدیر بھی ایک" کا نظریہ جاگا تو تحریک آزادی میں جان پڑ گئی۔ اتنا بڑا ہندوستان کئی صوبے، کئی ریاستیں کئی زبانیں سب کی ایک ہی آواز تھی آزادی فرنگیوں سے آزادی۔ اس تحریک میں نہ کوئی ہندو تھا نہ مسلمان نہ سکھ نہ عیسائی اور اس ایک قومی نظریے کی تحریک نے اُنہیں انکی تقدیر دلا ہی دی۔ انگریزوں کے پاؤں اُکھڑے غلامی کی زنجیر ٹوٹی اور آزادی کی نئی صبح۔ قوم بھی ایک تقدیر بھی ایک۔ کی تقدیر بن کر آئی اور آج ایک قومی نظریے پر چلتے ہوئے ہندوستان ترقی کے اوجِ ثریا پر گیا۔

انسانوں کا تعلق سرزمین سے ہوتا ہے۔ ہندوستان کے رہنے والے خواہ وہ ہندو ہوں مسلمان ہوں سکھ عیسائی ہوں وہ ہندوستانی ہیں، ایک قوم۔ امریکہ کے لوگ امریکی۔ عرب کے لوگ عربی جبکہ وہاں یہودی بھی ہیں عیسائی بھی ہیں ثابت ہوا کہ زمین کے تعلق سے قوم بنتی ہے نہ کہ زبان اور مذہب کی بنیاد پر اسی طرح ہر موریشن ہے، ایک قوم موریشن اور اسی طرح ہماری تقدیر بھی ایک ہے، ہم دکھ سکھ کے ساتھی ہیں۔ ضرورت بھی اسی بات کی ہے کہ اس ایک قومی نظریہ کو زیادہ سے زیادہ اُجاگر کیا جائے۔ حکومت کی عمدہ پالیسی ہے کہ ہر ایک موقع پر عام تعطیل کر کے ایک قومی نظریے کو مضبوط بناتی ہے مثلاً عید، عید میلاد النبی، دیوالی، مہا شیوراتری، کرسمس وغیرہ پر عام تعطیل کر کے ہمارے اندر یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ ہم سب ایک ہیں۔ ہمارے دکھ سکھ سب مشترک ہیں۔ ہم صرف موریشن ہیں۔ اتحاد اور آپس کے پیار ہی نے آج ہمیں ترقی کے اِس مقام پر پہنچایا ہے کہ ہم فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ بحرِ ہند کے تمام جزیروں میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ جزیرہ موریشس ہے۔ اور یہ صرف اتحاد کی برکت ہوتی ہے۔ یہ قدرت کا آفاقی قانون ہے کہ اتحاد میں برکت ہوتی ہے جب تک ہمارا اتحاد قائم رہے گا ہم بتدریج ترقی کرتے رہینگے۔ جن جگہوں پر یا جن ممالک میں قوموں میں، زبان اور مذہب کے نام پر پھوٹ ہے وہ ترقی کی راہ میں سب سے پیچھے ہیں جہاں پھوٹ ہو وہاں نہ دُکھ مشترک ہوتا ہے نہ خوشیاں وہاں صرف دشمنیاں مشترک ہوتی ہیں اور یہ چیز یعنی آپس کی پھوٹ قوموں کی زندگی میں زہرِ قاتل ہے۔ آہستہ آہستہ قوم مِٹ جاتی ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ ہمارے اتحاد کو قائم رکھے اور ہم ایک رہیں۔

جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا
ایک رہے ہیں ایک رہیں گے ایک ہے نام ہمارا

حمدِ باری تعالیٰ

صادق باجوہ (میری لینڈ۔ امریکہ)

مرا خدا مجیب ہے، اسے پکار تو سہی
اسی کی حمد ہو بیاں، دل سنوار تو سہی

سنے گا آہِ مضطرب، دعائے نیم شب کو بھی
مگر ہے شرط، دل سے تو اسے پکار تو سہی

ہر اک سے وہ قریب بھی، مجیب بھی نقیب بھی
ذرا تو سر سے غیر کا بوا اتار تو سہی

ہر اک صفت ہے لم یزل، ازل سے ہے وہ تا ابد
اسی کے دم سے غم غلط، اسے پکار تو سہی

تڑپ اگر ہے دید کی، کبھی تو ہوگا جلوہ گر
نگارِ دل کو نیکیوں سے تو نکھار تو سہی

زمان و لا مکاں کی رفعتیں بھی ہوں گی زیرِ پا
فقط متاعِ دل تو اس کی رہ میں ہار تو سہی

گوشۂ اطفال

مہمان کی خاطر

شعیر بودی (پانچویں جماعت)

ایک دن کی بات ہے۔ جمعرات کا دن تھا۔ سارا گھر پر اکیلی تھی۔ ماں بازار گئی تھی اور باپ کام پر گیا تھا۔ سارا اپنے کمرے میں ایک خوبصورت کہانی کی کتاب پڑھ رہی تھی۔ عین اس وقت کسی نے دروازے پر گھنٹی بجائی۔ سارا جلدی جلدی دروازے پر آئی اور دروازہ کھولا۔ باہر ماموں کھڑے تھے۔ سارا نے ماموں کو سلام کیا اور انہیں اندر بلایا اور صوفے پر بٹھایا۔ سارا نے ان کی خاطر کی۔ اس نے ماموں کو کچھ مٹھائیاں اور پپسی کولا دیا۔ دونوں آپس میں باتیں کر رہے تھے کہ اتنے میں ماں گھر واپس آئی۔ ماں بھائی سے مل کر بہت خوش ہوئی۔ ماموں نے سارا کی تعریف کی۔ ماں سارا سے بہت خوش ہوئی۔

کھیلیے اور انعام پائیے!

چ	و	ھ	ن	ا	ق	ھ	ک
ب	ک	ی	ف	ر	و	و	ر
ت	ی	س	ک	و	ش	ا	م
چ	ق	ا	ا	ش	ھ	گ	ا
ب	ن	د	ھ	ن	ی	ن	د
ا	ہ	ا	د	ی	ن	ب	و
ن	ی	ش	ر	س	ی	د	س
ا	ن	ا	ت	ل	ا	و	ت

۱۔ لفظوں کی شناخت کرتے ہوئے انہیں لکیروں کے ذریعے لفظی چوکور میں پیش کیجیے:

تلاوت	گنبد	قوم	نیند	بیاہ	چومنا	کیف
تقدس	اداسی	روشنی	دبیر	دوست	کوشش	بہشت
چبانا	نہیں	رسید	کسان	بندھن	کرم	

۲۔ خانوں میں آٹھ حروف علیحدہ رہ گئے ہیں۔ انہیں صحیح طور پر جوڑنے کے بعد ایک محاورہ قلمبند کیجیے۔ یہ محاورہ دو لفظوں پر مبنی ہے جو 'د' سے شروع ہوتا ہے اور 'الف' پر ختم ہوتا ہے۔ آپ کی مزید آسانی کے لیے یہ محاورہ خانوں میں دو مثلث کی شکل دے رہا ہے۔

Date Limit : 31st March 2005
Age Limit : 15 years
Name :
Address :

N.B. The Prize Winner will be notified after the result

The winner of previous game was M. Nadeem Alladeen of Brisée Verdière.

شہرِ لکھنؤ ۔ ادب کا گہوارہ

ڈاکٹر ریاض گوکھول

یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ شہر لکھنؤ ہمیشہ سے اور ہر لحاظ سے ایک زرخیز زمین رہی ہے۔ لکھنؤ جسے ہم اور آپ نوابوں کا شہر کہتے ہیں یا شام اودھ کے نام سے مشہور ہے آیئے فضائے ادب کے ذکر کرنے سے قبل اس کی تاریخی روایات پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں پھر قدم بہ قدم علم و ادب کے گہوارے تک پہنچتے ہیں۔

شہر لکھنؤ کی وجہ تسمیہ سے متعلق بہت سی روایتیں مشہور ہیں۔ چند لوگ اس کا نام ''لکھش ناوتی یا لکھناوتی'' بتاتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ راجہ رام چندر جب ہنواس اور فتح لنکا کے بعد تخت نشین کی زینت بنے تو اس سرزمین کو اپنے ہمدرد اور ہمسفر بھائی لچھمن کو بطور جاگیر عطا کیا۔ لچھمن نے گومتی کے کنارے ایک ٹیلے پر ایک بستی بسائی جو لچھمن پور کے نام سے مشہور ہوئی۔

اسی طرح ایک اور روایت کہتی ہے کہ راجہ جودھشٹر نے یہ علاقہ رشیوں اور منیوں کو بخش دیا تھا۔ یہ مذہبی لوگ صلح پسند اور کمزور تھے۔ ہمالیہ کی ترائی سے جو قومیں ''بھر'' اور ''پاسی'' آئیں اور ان پر غالب ہوئیں۔ ان لوگوں نے شان اور عظمت پیدا کی۔ انہیں لوگوں میں سے ایک شخص ''لکھنا'' نے یہاں ایک عظیم الشان قلعہ تعمیر کیا۔ یہ قلعہ ''لکھنا'' کہلایا اس طرح لچھمن پور اور ''لکھنا'' دونوں مخلوط ہو کر لکھنؤ کی شکل میں نمودار ہوئے۔

یوں تو لکھنؤ کا دوسرا نام عہد اکبری سے مشہور تھا لیکن اکبری سے پہلے یہ شہر شاندار روایات کا حامل رہا ہے۔ بقول عبدالحلیم شرر لکھنؤ قدیم زمانے سے ایک دولت مند، بارونق اور خوشحال شہر ہے۔

جہاں تک مذہب کا تعلق ہے، لکھنؤ دیگر مذاہب اور عقائد کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔ مرثیہ نگاری ایران سے ہوتے ہوئے پہلے دکن پھر شمالی ہند کی منزل طے کرتے ہوئے لکھنؤ پہنچی۔ لکھنؤ والوں نے مرثیہ نگاری کو نہ صرف بام عروج تک پہنچایا بلکہ موضوع اور ہیئت میں وسعت اور تبدیلی کے ساتھ ہی ساتھ مرثیہ کو ایک باقاعدہ فنی حیثیت دی۔ اس طرح سے لکھنؤ مرثیہ نگاری کو ایک صنف کی حیثیت سے نیا مفہوم دیا۔

یہ بات اس امر بیّن ثبوت ہے کہ لکھنؤ اس مفہوم کی تبدیلی کی مرہونِ منت ہے۔ اسی کی سرزمیں سے میر ضمیر، میر خلیق، میر انیس، مرزا دبیر جیسے عدیم المثال شعراء منظر عام پر آئے اور انکی بدولت نئی نئی قدریں وجود میں آئیں۔ جوں جوں لکھنؤ کی ادبی فضا نکھرتی گئی مرثیے کو ادب، اخلاق اور فن کے لحاظ سے اہمیت حاصل ہونے لگی۔ مرثیہ نگاری ہی نے اردو شاعری کو رزمیہ شاعر عطا کی۔ اسی کی بدولت نوحہ خوانی اور سوز خوانی کو بھی فن کی حیثیت ملی اور مرثیہ ہی نے ادب، معاشرت اور تہذیب کو کافی فائدہ پہنچایا۔

واسوخت لکھنؤ کی دین تو نہیں ہے لیکن جب اردو شاعری کا مرکز دہلی سے لکھنؤ منتقل ہوا تو یہ صنف بھی میر جرائت اور دیگر شعراء کے توسط سے لکھنؤ پہنچی۔ واسوخت میں محبوب سے چھیڑ چھاڑ کا سلسلہ ہوتا ہے اس لئے لکھنؤ کی ادبی فضا نے واسوخت کے لئے آبِ حیات کا کام کیا۔ اسے فنی صورت ملی اور امانت، شوق، ناظم جیسے قابل شعراء نے واسوخت کی ادبی اور فنی نقطہ عطا کر کے ایک تاریخ مرتب کی۔ شاعری کے دائرے میں رہ کر اگر ریختی کا ذکر نہ کیا جائے تو بے جا ہوگا۔ ریختی جس میں زنانہ خیالات ہوں اور بیگمات کی مخصوص زبان میں نظم کیے جاتے ہیں اس کی ایجاد کا سہرا بھی لکھنؤ کے دو شعراء کا سر ہے۔ وہ ہیں سعادت یار خاں رنگین اور انشاء اللہ خاں انشاء۔ انہوں نے سب سے پہلے عورتوں کی خدمات کا اعتراف کیا۔ بقول عابد مرزا بیگم

زباں کا فیصلہ ہے عورتوں پر
یہ باتیں مردوے لائیں کہاں سے
زباں دانی ہے حصہ بیگموں کا
لڑائے کیا زباں کوئی زباں سے

رنگین ہی نے ریختی کو پہلی بار زنانہ خیالات کو مخصوص زبان میں نظم کیا اور اسے ''ریختی'' کا نام دیا۔ صرف یہی نہیں بلکہ ایک پورے دیوان کو ترتیب دیا۔ ریختی سے اردو زبان اور شاعری کو دو اہم فائدے ہوئے۔ اولاً یہ کہ زنانہ خیالات اور لب و لہجہ نے زبان کو شیرینی اور لچک بخشی۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ صحت زباں پر توجہ دی جانے لگی۔ نئے نئے خیالات، محاورات اور الفاظ زبان میں داخل ہوئے۔ اور ان الفاظ سے رسوم، عادات اور دوسرے امور کا پتہ چلتا ہے۔

اس ادبی فضا میں رہ کر مثنوی نگاری کو کیسے نظر انداز کر سکتے ہیں۔ یہ وہ صنف ہے جس میں میر حسن کی مثنوی سحر البیان، دیا شنکر نسیم کی گلزار نسیم، مرزا شوق کی مثنوی زہر عشق اسی گہوارے کی مرہونِ منت ہیں۔ اسی طرح آتش و ناسخ نے اپنے شاعرانہ جوہر دکھائے۔ یہیں سے ناسخ نے زبان کو مثالی بنانے کی غرض سے اصلاح زبان کی مہم کا آغاز کیا۔ آتش نے شہر میں بندھی ٹکی شاعری کے لب و لہجے کو تبدیل کیا۔

شاعری سے جب نظر ہٹتی ہے تو دماغ فوراً نثر نگاری کی طرف مبذول ہو جاتا ہے اور یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ انشاء اللہ خاں انشاء نے خالص ہندوستانی زبان میں رانی کیتکی کی کہانی تخلیق کی۔ سرور نے فسانہ عجائب اسی شہر میں بیٹھ کر لکھا۔ اردو کا شہرۂ آفاق فسانہ آزاد رتن ناتھ سرشار نے اسی شہر میں سپرد قلم کیا۔ محمد ہادی رسوا کی امراؤ جان اور اختری بیگم، شرر کے اہم تاریخی ناول اسی سرزمین کی پیداوار ہیں۔

اسی طرح لکھنؤ ہمیشہ ایک صحت مند اور ادبی روایات کا امین رہا ہے۔ شعر ہو کہ نثر دونوں میں لکھنؤ کی بالادستی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ایک مستحکم شعری روایت نے ساتھ ساتھ یہاں نثر کی روایت کو بھی استحکام حاصل رہا ہے اور نثر میں تخلیقی نثر نے یہاں شروع ہی سے اپنے قدم جما لیے تھے۔ داستان اور افسانوں کی تخلیق نے یہاں تخلیقی نثر کے لئے ماحول سازگار کر دیا تھا۔ چنانچہ تخلیقی نثر کا سفر داستان سے ناول تک مرحلہ بہ مرحلہ بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ طے کیا گیا اور جب رسوا نے امراؤ جان کی شکل میں ایک مکمل اور مثالی ناول ہمارے سامنے پیش کیا تو ہمیں فکشن کی تخلیق میں لکھنؤ کی حیثیت اور اہمیت کا احساس ہوا۔ رسوا کے بعد لکھنؤ میں اس روایت کی خوش گوار توسیع ہوتی رہی اور اس خوش گوار توسیع کا سفر حیات اللہ انصاری اور قرۃ العین حیدر کے بڑے اہم ناولوں کی تصنیف تک جاری رہا۔

اسی طرح ڈرامہ نگاری میں لکھنؤ کا نام کوہ نور ہیرا کی طرح درخشاں ہے۔ لکھنؤ میں ڈراموں کی ایجاد اور مقبولیت کے کئی اسباب ہیں۔ لکھنؤ کے سماج اور شاہی دربار نے مختلف فنوں کے ڈرامے کی اشاعت میں بھی زبردست حصہ لیا۔ واجد علی شاہ کے عہد میں ہونے والا جوگیا میلہ چھوٹے چھوٹے ناٹکوں کا ایک سلسلہ ہوتا تھا۔ اس کے علاوہ رام لیلا مقبول عام ناٹک تھا۔ واجد علی شاہ کے عہد میں ہونے والے ناٹک اور ڈرامے اردو ڈرامے اور اسٹیج کے پہلے دور کی مستند تاریخ مرتب کرتے ہیں۔ اردو کا پہلا ڈرامہ نگار ہونے کا فخر بھی واجد علی شاہ کو حاصل ہے۔

لہٰذا یہ کہنا بجا ہوگا کہ علم و ادب کا گہوارہ لکھنؤ کو ادب کی تاریخ میں ہمیشہ سے نمایاں مقام حاصل رہا ہے اور ادیبوں کی گراں قدر خدمات کا ذکر ہر زمانے میں ہوتا رہے گا۔

ے یادگارِ زمانہ ہیں ہم لوگ
یاد رکھو فسانہ ہیں ہم لوگ

غزلیں

ڈاکٹر منور احمد کنڈے (علی گڑھ)

سارے عالم میں ہے پھیلا ہوا جادو اُس کا
نام لیتی ہے ہر اک پھول میں خوشبو اُس کا

کیا قیامت ہے کسی طرح ٹھہرتا ہی نہیں
وقت ہے دام سے چھوٹا ہوا آہو اُس کا

مچل اُٹھتے ہیں جبیں مرے سجدے لاکھوں
دیکھ لیتا ہوں میں جب بھی خمِ ابرو اُس کا

سانس لیتا ہے ہر اک گوشہ نظر میں اُس کی
ہے مملکتِ شوق پہ قابو اُس کا

یاد جب بھی اسے کرتا ہوں اُبھر آتا ہے
میرے اندر ہے کوئی موسم خوش خو اُس کا

نام لے اُس کا کسی لمحے میں غافل مت رہ
چاہنے والا منور ہے اگر تو اُس کا

حیدر قریشی (جرمنی)

یہ واقعہ ہوا اپنے وقوع سے پہلے
کہ اختتام سفر تھا، شروع سے پہلے

نہیں تھی لذتِ سجدہ، رکوع میں لیکن اک
اور کیف تھا، کیفِ خشوع سے پہلے

نصوص کو بھی کبھی دیکھ لیں گے فرصت میں
ابھی نمٹ تو لیں ''مومن'' فروع سے پہلے

معافی مانگنا پھر بعد میں خلوص کے ساتھ
گناہ کرنا خشوع و خضوع سے پہلے

اسی کے پاس تو جاتا ہے لوٹ کر آخر سو
خوب گھومئے، پھریئے، رجوع سے پہلے

سیاہ شب نے تو اندھیر کر دیا تھا بہت سو
آ گیا ہوں میں وقتِ طلوع سے پہلے

یہ عید آئی ہے کس قتل گاہ میں حیدر
سلام پھیر لیا ہے رکوع سے پہلے

سعید میاں جان (موریشس)

چلتے چلتے یونہی اجنبی راہ پر، آپ میرے خیالوں پہ چھاتے رہے
جس قدر دور تنہا میں جاتا رہا، اس قدر آپ نزدیک آتے رہے

ان کے ترکِ محبت کا کیا ہے سبب، یہ حقیقت بھی جانتے ہیں مگر
بے وفائی وہ اپنی چھپاتے رہے، سارا الزام مجھ پر لگاتے رہے

دامنِ باد میں سرسراتے ہوئے زرد پتے کئی مجھ سے کہنے لگے
تم جدا ہو کے اپنوں سے ملتے رہے، ہم جدا ہو کے اپنوں سے جاتے رہے

یہ عجب ہے کہ گلزارِ اغیار میں آمدِ موسم نوبہاراں نہیں
وہ تو گل ہائے رنگیں پہ ڈھاتے رہے اور خارِ مغیلاں اگاتے رہے

ان کا اندازِ گویائی دیکھے کوئی، اور ادائے تخاطب بھی سمجھے کوئی
دیر آنے کی ایک ہی شکایت تو کی، اس پہ لاکھوں بہانے بناتے رہے

گونج تیری صداؤں کی جب بھی سنیں ہم شبِ ہجر کے دشتِ گنجان میں
حدِ دیوانگی سے گزر کر تو ہم خود پہ ہنستے رہے، مسکراتے رہے

جب سے آنے لگا ہے کوئی اجنبی، ان کی بزمِ طرب میں مسلسل سعید
ہم بصد شوق بن ٹھن کے آتے رہے، وہ بصد شوق ہم کو اٹھاتے رہے

اشفاق تتق

ان کو یہ فکر میرے قد کے برابر کیوں ہے
اور ایسا ہے تو پھر تن پہ مرے سر کیوں ہے

کیسے کہتے ہو یہاں ظالم و مظلوم نہیں
واقعی ایسا ہے تو راہ میں پتھر کیوں ہے

سیج پھولوں کی عنایت ہوئی ان کو مولا
اور میرے حصے میں کانٹوں بھرا بستر کیوں ہے

یہ خبر آئی ہے سب کچھ یہاں معمول پہ ہے
سامنے آنکھوں کے پھر دھندلا منظر کیوں ہے

کھائے جاتی ہے یہی فکر انہیں شام و سحر
آج کل حال مرا غیر سے بہتر کیوں ہے

ڈاکٹر فرحت آرا

یہ دنیا ہے مکار مکار خانہ
بنایا ہے تو نے کہاں آشیانہ

اگر تیری چشمِ بصیرت ہو روشن
تو کھل جائے تجھ پہ یہ رازِ زمانہ

دکھایا ہے تجھ کو کبھی یہ کبھی وہ
فلک نے بنایا ہے تجھ کو نشانہ

بھلا کس کی اُمید پر تو ہے بیٹھا
یہ وعدہ نہیں ہے یہ حیلہ بہانہ

تو حیراں ہے مانند آئینہ لیکن
عجب طرز کا ہے یہ آئینہ خانہ

تڑپتی ہے مخلوق جب اس زمیں پر
تو ہوتا ہے پیدا وہاں آب و دانہ

بجز صبر چارہ نہیں کسی کو
مشیت کا ہے یہ حکم جاودانہ

غالبؔ ۔ ایک تاثر

محمد طاہر دمن

۱۷۹۷ء کو آگرہ میں پیدا ہونے والے اس بچے کے متعلق کون کہہ سکتا تھا کہ یہ بچہ آگے چل کر اپنے زمانے کا تو کیا بلکہ ہر زمانے کا مشہور و مقبول ترین الاوقاتی شاعر ہوگا، یہ شاعر اپنی زندگی میں ہی بڑے بڑے اساتذہ کے مدِ نظر رہا۔ عوام تو عوام خود بادشاہ وقت اس کے دلدادہ رہے۔

یہ شخص کوئی اور نہیں، اردو کا سب سے ممتاز، مایہ ناز اور ہر دلعزیز شاعر ہے۔ یہ شاعر غزل گو بھی تھے، قصیدہ نگار بھی۔ اردو کی مختلف اصناف سخن میں طبع آزمائی کرنے والے بھی تھے۔ اپنے زمانے کے ماحول کی عکاسی کرنے والے بھی تھے۔ قصہ مختصر بقول مولانا حالی جو غالب کے خود بڑے مداح ہیں ہے ہیں "مرزا کی طبیعت اس قسم کی واقع ہوئی تھی کہ وہ عام روش پر چلنے سے ہمیشہ ناک بھوں چڑھاتے تھے۔ عامیانہ خیالات اور محاورات سے حتی الوسع اجتناب کرتے تھے"۔

اصل میں غالب کا میدان تو فارسی زبان تھا۔ انہوں نے فارسی میں بہت کچھ لکھا۔ یہاں تک اُنہیں اُن کے فارسی کلام کا جانو تھیں لیتا۔ بس یہ بتاتا ہے کہ تھے تو وہ فارسی ہی کے آدمی پر اردو کی مقبولیت اور اس کا اثر عوام اور خواص پر دیکھ کر انہوں نے اردو میں طبع آزمائی شروع کی۔ غالب قادر کو دوسرے درجے کی چیز سمجھتے تھے۔ انہیں ناز تھا تو فارسی پر تھا۔ ان کو فارسی پڑھنے پر بھی مامور کیا گیا۔ مگر جب غالب نے اردو کے میدان میں قدم رکھا تو طبیعی جولانی دیکھ کر اردو کی زرخیز زمین پر اپنا مقام بلند سے بلند تر بناتے چلے گئے۔ اور ایک دن وہ آیا کہ چوٹی پر اکیلی کا مقام فخر آپ ہی اُن کے مدمقابل نہ تھا۔

اس سے بالصافر دہ برد آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ان کی ہمکلامی کرنے والا کوئی نہ ملا۔ یہی وجہ ہے کہ دنیائے اردو اُن کو بڑے احترام اور عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اردو میں ان کا جو وقار ہے، وہ شاید ہی کسی اور کو حاصل ہوا ہو۔ ابھی کے ہم عصر کتنے بڑے ممتاز اور مانے ہوئے شعراء اور ادیب ہوئے مگر ان کے مقام کو کوئی نہ پہنچ سکا۔ سب نے ان کا لوہا مانا ہے۔ بحیثیت شاعر غالب منفرد ہے ہی۔ نثر نگاری میں بھی غالب نے اپنا الگ رنگ تھین کیا اور اس کو قائم بھی رکھا۔

غالب نے اردو میں شاعری شروع کی تو اس میں انہوں نے نئے خیالات نئے اسلوب، نئے طور طریقے ۔ نئے استعارے۔ نئی تشبیہات اور تلمیحات استعمال کر کے بالا مال کر دیا۔ اردو کے دامن میں وہ موتی پرو دیئے جن کی چمک دمک سے اب تک اردو کا دامن خالی تھا۔ غالب نے جوں جوں شاعری جاری رکھی اردو کا دامن وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا گیا۔

غزل گوئی کے میدان میں جس چابکدستی سے غالب نے اس صنف کے نشیب و فراز کے آداب کو ملحوظ رکھ کر اپنا مقام بنایا ہے، اُن کے ہمعصروں میں کوئی اُن کا ہمسر ہے ہی نہیں۔ اس فن کو انہوں نے عروج پر پہنچا دیا۔ جو جدت طرازیاں غالب کے پاس پائی جاتی ہیں وہ دوسرے شعراء کے پاس مفقود ہیں۔ آپ اپنے کلام میں سوز و گداز، درد و الم، رنج و غم کا اظہار اس خوبی سے کرتے ہیں کہ خود اشعار ہی سراپا درد و الم میں ڈوبے محسوس ہونے لگتے ہیں۔ ایسے اشعار کے پڑھنے والے خود بھی درد و محسوس کئے بنا نہیں رہ سکتے۔

اس کی ایک مثال اس شعر میں موجود ہے۔ ملاحظہ فرمائیں

۔ بات سیدھی آسان اور معمولی سی ہے۔ پر غالب نے کس خوبی سے شعر میں تلمیح استعمال کر کے کتنے موزوں الفاظ میں اپنے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ جس کے بعد یہ دکھ صرف اُن کا نہیں، آپ کا، ہمارا ہم سب کا بن جاتا ہے۔

ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی ۔ غالبؔ

دوسری جگہ غالب نے فطرت انسانی کا رنج و الم کے ساتھ کتنا گہرا تعلق ہے، کی تصویر کشی کی ہے۔ اُن کا یہ شعر دیکھئے:۔

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں ۔ غالبؔ

ان باتوں کے علاوہ اُن کے کلام میں زندگی کی تخلیاں، زندگی کی رعنائیاں، زندگی کے تجربے، محبوب کی شوخیاں دوستوں کی بے وفائی بہت سارے پہلو موجود ہیں۔

غالب کی شاعری کا میدان بہت وسیع ہے۔ شاعری پر ان کی گرفت بہت مضبوط ہے۔ زندگی کے تجربوں کو اپنے اشعار میں پرو دیتے ہیں۔ اُن کی ایک غزل ہے جو غزل گوئی کا بہترین نمونہ ہے۔ اس غزل میں موضوعیت بدرجہ اتم موجود ہے۔ اُن کی اسی غزل کا ایک شعر پیش کرنا چاہوں گا جو معنوی گہرائی سے پوری زندگی کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اس شعر کو خود سے پرے اور اس میں زندگی کے بارے میں بتائے ہوئے تجربے سے متعلق خیال سے لطف اٹھائیے۔ شعر میں سوال اٹھانے اور جواب دینے کا نرالا انداز دیکھئے:۔

سب کہاں، کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں
غالبؔ

غالبؔ صرف شاعری ہی میں نہیں بلکہ نثر میں بھی حد درجہ کمال رکھتے تھے۔ اُن کے نثری کارناموں میں خود نوشتی، اردو کے مکتوبات، اُن کے مکاتیب، رقعات وغیرہ شامل ہیں۔ لوگوں کی فرمائش پر کچھ تقریریں بھی لکھیں جو ہیں تو اردو ہی کے مضامین مگر ان میں فارسیت کی جھلک زیادہ پائی جاتی ہے۔

غالبؔ نے خطوط نویسی میں نیا طریقہ ایجاد کیا۔ اس میں بڑی خوبیاں پیدا کیں اور ان کو بڑی خوبی سے نبھایا بھی۔ دوستوں، یاروں، رشتے داروں یا شاگردوں کو جو رقعات و خطوط لکھے آج تقریباً سب کے سب محفوظ ہیں۔ کئی مجموعوں میں شائع کئے جا چکے ہیں یہ سب اُن کے اختراع کی جیتی جاگتی نشانیں ہیں۔

اصل میں خطوط نویسی کو ہم مضامین کے باب میں تو نہیں لا سکتے مگر جتنی بڑی تعداد میں یہ خطوط ہیں اور ان کے لکھنے کا انداز جو ہے، وہ بالکل منفرد اور نرالا ہے۔ اس لئے اُن کے اس انوکھے طرز تحریر کو مدِ نظر رکھ کر خاص اہمیت کی چیز، اہمیت کی بنا پر اور ان کو مضامین ہی کا درجہ دیا جائے گا۔

خطوط تو اس زمانے میں بہت سارے لوگوں نے لکھے آج بھی لکھ رہے ہیں مگر غالب کی خطوط نویسی کا درجہ کسی کو حاصل نہیں ہوا۔ وجہ اس کی صرف یہ ہے کہ غالب نے ان خطوط میں مراسلے اور مکالمے کے فرق ہی کو مٹا ڈالا ہے لکھتے لکھتے اپنے مخاطب کو جانب مخاطب سمجھ کر بات کرنے لگتے ہیں۔ میر مہدی کو لکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

"یہ طرز عبارت خاص میری دولت ہے۔ سو ایک غالم پانی پت انصاریوں کے محلے کا رہنے والا لوٹ لے گیا۔ مگر میں نے اس کو مثل کیا۔ اللہ برکت دے۔"

ذرا غور کیجئے کہ بات ہو رہی ہے میر مہدی سے جو مخاطب ہیں پھر یکا یک غالب جان کر ایک غالم کہتے ہیں اور آگے چل کر اس کو استعمال کرتے ہیں۔

ان تمام مذکورہ بالا باتوں کے علاوہ غالب کا ایک کمال اور بھی ہے جو دوسروں کے پاس نہیں۔ اس وہ اس میں یکتا ہیں یہ ایک فن ہے جس کو غالب نے بڑی خوبی سے نبھایا ہے۔ ان سے پہلے دو ایک اساتذہ نے کوشش کی مگر غالب نے اُن کو بہت پیچھے چھوڑ دیا۔ غرائب غالب کی طبیعت میں اس طرح رچی بسی تھی کہ حیران ظریف کہلائے۔ اپنی جدت طرازی کی بنا پر انہوں نے معمولی معمولی بات کو یوں ادا کیا کہ سننے والا متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ وہ بھی بھی اپنے آپ پر ہنسی ضبط نہیں کر پاتے ہیں اور بھی آپ بیتی کو حوالہ رنگ دے کر اپنے اوپر محیط لیتے ہیں۔

۔ غرض کی پیتے تھے مئے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن
۔ ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام
قدرت حق سے یہی حوریں اگر واں ہو گئیں

غرض غالب کا مطالعہ کرنا اور اُن پر کچھ لکھنا کسی عمیق دریا میں یا کسی دلدل میں اترنے کے برابر ہے، جوں جوں قدم آگے بڑھائیں گے گہرائی میں پھنستے چلے جائیں گے اور اس گہرائی میں تیرنا بھی کسی بس کی بات نہیں۔ سمندر کے کنارے آ کر ہر بچے کے دل میں یہ تمنا ہوتی ہے کہ وہ بھی غوطہ زن ہو پانی میں کھیلے۔ خالی پیت دریا سے ایک بچے کی طرح ہم نے بھی اپنا شوق پورا کیا۔ اور آخر میں یہی کہیں گے کہ غالب اردو دنیا کے ایک نادر و نایاب موتی ہیں۔

غالب شاعر بھی ہیں۔ نثار بھی ہیں۔ حیران ناطق بھی ہیں، حیران ظریف بھی ہیں۔ غرض وہ اردو زبان کے بھی کچھ ہیں۔

شاعر مشرق علامہ اقبال نے غالب کی خدمات اور کمال کو دیکھا اور سمجھ کر ہی کہا تھا اور عقیدت مندانہ طور پر شعر کہا تھا۔

کیسو نے اردو ابھی منت پذیر شانہ ہے
شمع یہ سودائی دل سوزی پروانہ ہے

قارئین کے خطوط

رقص کرنا ہے تو پاؤں کی زنجیر نہ دیکھ

اگر آسان لفظوں میں اس مصرعہ کی تشریح کی جائے تو اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ ناسازگار اور مشکل حالات میں اگر انسان اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے تلاش و کوشش کرے تو کامیابی ناممکن نہیں ہے۔

جامعہ کراچی (USU) کے صدر اور اس کے ممبران جو اردو زبان کی بقا اور اس کے ارتقاء کے لئے اپنا قیمتی وقت اور سرمایہ خرچ کر رہے ہیں۔

آپ لوگوں کی اردو زبان کے تئیں محنت لگن، یکسوئی اور مارشس میں گیت و غزل کے شیدائیوں کو دیکھ کر یوں محسوس ہوتا ہے کہ مستقبل قریب میں اردو مزید ترقی کرے گی۔ انشاء اللہ۔

دعا ہے کہ USU کے تمام ممبران کے جڑی عمل کو مزید تقویت ملے۔ اور راہوں میں آنے والی تمام مشکلات کو اپنے قدموں سے خس و خاشاک کی طرح کنارے کر دیں۔

نہیں ناامید یہ اقبال اپنی کشت ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

محسن قاسم

محترم ایڈیٹر "صدائے اردو"!
السلام علیکم!

کچھ روز قبل آپ کا اخبار "صدائے اردو" نظروں سے گزرا۔ پڑھ کر مطمئن ہوا کہ اردو کا سفینہ ابھی ساحل تک سلامت ہے۔ اب اخبار اپنی لائبریری میں ہونا باعث فخر ہے۔ لیکن آپ تک رسائی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اس لئے بذریعہ آپ کو اپنی خواہش سے آگاہ کر رہا ہوں۔ امید ہے خط ملتے ہی میرے حق ایک عدد کاپی ضرور ارسال کریں گے۔ میں آپ کے اخبار کا سالانہ خریدار بننے کا خواہاں ہوں۔ ساتھ اس کی مکمل تفصیل سے بھی جلد آگاہ کر دیں تاکہ میں بھی "صدائے اردو" کی شیریں اور رس بھری تحریر سے اپنی تشنگی بجھانے میں کسی حد تک کامیاب ہو سکوں۔ باقی تکمیر میں کچھ خریدار بنانے کا مسئلہ ہو تو خاکسار کو ضرور یاد فرمائیں۔ میں آپ کو یہاں کے نیز ارجنٹ حضرات کی ایک لیسٹ بھیج سکتا ہوں تاکہ "صدائے اردو" تکمیر میں بھی اپنے مشن کی طرف گامزن ہو جائے۔

باقی بالسلام
سلیم ساگر (سکھیر)

دیکھنے کے بعد آپ کی سعی کی تعریف نہ کرنا زیادتی کے مترادف ہوگا اور دوستوں کے دامن میں قرطاس بیش بہا معلومات اور تحقیقات کے پھول ہوتے ہیں۔ اس مشعل کو زندہ رکھنے کے لئے خون جگر کی ضرورت ہوتی ہے۔ چند ہمدرد میں ہماری جانب سے بھی۔ ایک غیر مطبوعہ افسانہ "سرپرائز" ارسال کر رہا ہوں۔ پسند آنے پر کسی قریبی اشاعت میں شامل کر دیجئے گا۔ آپ کے خط کا انتظار رہے گا۔ آخر میں ہم آپکی اس ذمہ میں شامل ہو جاتے ہیں کہ "صدائے اردو" ماہنامہ ہو جائے اور ہم اسے ہر ماہ دیکھ پائیں۔ بہت بہت دعاؤں کے ساتھ۔ خلص۔

ڈاکٹر عمران مشتاق (انگلینڈ)

محترم فاروق بوچھا صاحب، تسلیمات!

صدائے اردو کا نومبر ۲۰۰۵ء کا شمارہ نظر نواز ہوا۔ پرچہ دیکھ کے طبیعت مسرت آمیز ہوئی۔ اردو زبان ایک ایسے چراغ کی مانند ہے جس سے تمام اردو جاننے والے روشنی حاصل کرتے ہیں اور چراغ سے چراغ جلنے کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ یہ مشعل اٹھائے اردو کے متوالے دنیا کے کونے کونے میں پھیل چکے ہیں۔ آپ نے ایک مثالی برادر اور ارشد اقبال آرزو کی دی۔

ارشد اقبال اچھے دوستوں میں سے ہیں اور انکی کوششیں قابل قدر ہیں۔ صدائے اردو

دنیا بھر سے ادبی خبریں

ترتیب و انتخاب: طارق محمود حیدر (جرمنی)

urdu_writers@yahoogroups.com انٹرنیٹ پر اردو زبان و ادب کا واحد گروپ ہے جو ادبی خبروں کو پل بھر میں ساری دنیا تک پہنچا رہا ہے۔ اس گروپ کے اوز اردو ستان ڈاٹ کام والے کاشف الہدیٰ ہیں اور ماڈریٹر حیدر قریشی ہیں۔ اس گروپ سے بروقت ریلیز ہونے والی خبروں کا محدود انتخاب "صدائے اردو" کے ذریعے ماریشس کے قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ (طارق محمود حیدر)

نیا سال ۲۰۰۵ء مبارک ہو!
آسٹرین ٹائمز کا نیا شمارہ آن لائن ہے

www.austriantimes.com

ادارہ آسٹرین ٹائمز کی جانب سے اپنے تمام قارئین کو اور "اردو رائٹرز ایٹ یاہو گروپس ڈاٹ کام" کے تمام اراکین کو نئے سال ۲۰۰۵ء کی مبارکباد دعا ہے کہ نیا سال ساری انسانیت کے لئے، پاکستان کے لئے اور عالمِ اسلام کے لئے خیر اور بہتری کا سال ثابت ہو۔ آسٹریا سے شائع ہونے والے سماجی اور ادبی رسالہ "آسٹرین ٹائمز" کا نئے سال جنوری ۲۰۰۵ء کا شمارہ شائع ہو گیا ہے۔ اس میں معمول کے مستقل سلسلے اور صفحات "اداریہ"، سلسلے وار ناول "پارو"، "ادب سے انمول خزانہ"، "سپورٹس"، "لالی ووڈ بالی ووڈ"، "خواتین کے لئے"، "بچوں کی دنیا"، "طنز و مزاح" اور "نسخۂ وفا" موجود ہیں۔۔ رسالے کا انگریزی حصہ بھی موجود ہے۔ اس شمارہ کے چند اہم لکھنے والوں میں حیدر قریشی، Acteon، جاوید حیدر جوئیہ، سنجے گوڑ بولے، فرحت نواز شیخ، محمد اکرم خان فریدی، ایم اے بیگ اور مبین رشید شامل ہیں۔ قارئین کرام اس شمارہ کا مطالعہ کر کے گیسٹ بک میں اپنے تاثرات سے نوازیں۔ شکریہ

اختر بیگ چیف ایڈیٹر آسٹرین ٹائمز (آسٹریا)

فرحت نواز اور شہناز نبی کے انٹرویوز
بی بی سی ایشیا سے

اردو کے ادبی حلقوں میں اور ادبی سوجھ بوجھ رکھنے والے قارئین میں یہ خبر مسرت کے ساتھ پڑھی جائے گی کہ کلکتہ میں مقیم اردو کی معروف جدید شاعرہ پروفیسر ڈاکٹر شہناز نبی سے بی بی سی ایشیا نے دسمبر کے مہینے میں کرسمس سے پہلے ایک لائیو انٹرویو کیا تھا۔ جس میں ان کی ادبی زندگی کے حوالے سے گفتگو کے ساتھ ان سے کا کلام سنا گیا۔ اب آج ۴ر جنوری ۲۰۰۵ء کو رحیم یار خان میں مقیم معروف شاعرہ فرحت نواز کے ساتھ بی بی سی ایشیا نے لائیو انٹرویو کیا۔ دونوں انٹرویوز معروف پریزینٹر نویدر بھوگل نے کئے۔ فرحت نواز کا تعارف کراتے ہوئے نویدر بھوگل نے جدید ادب کا خاص ذکر کیا۔ خیال رہے کہ فرحت نواز جدید ادب کے پہلے دور میں اس کی شریک مدیرہ رہی ہیں۔ فرحت نے ان حالات کا ذکر کیا جن کے باعث انہیں لکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ انہوں نے اپنی نظم "بن باس میں ایک دعا" اور "امن کی فاختہ کے نام" سنانے کے ساتھ اپنی ایک سرائیکی غزل کے چند اشعار بھی سنائے۔ اس پروگرام میں اہم اور ممتاز شعراء کو براہِ راست ٹیلی فون کر کے ان سے لائیو بات چیت کی جاتی ہے۔ جبکہ عام سامعین خود ٹیلی فون کر کے اپنا کلام سناتے ہیں۔

سعید شباب (خانپور)

سہ ماہی تشکیل کراچی کا نیا شمارہ

احمد ہمیش اور انجلا ہمیش کی ادارت میں سہ ماہی تشکیل کراچی کا شمارہ نمبر ۴۹ شائع ہو گیا ہے۔ اس میں حسبِ سابق کافی فکر انگیز مواد شامل ہے۔ خالد اطہر، محمد فیروز شاہ، ڈاکٹر سلیم اختر، محمد الیاس، خاقان ساجد، رئیس فاطمہ، محبوب خزاں، حیدر قریشی، رفیق سندیلوی، ارشد جاوید، جمیل الرحمٰن، ساجدہ زیدی، نصر ملک، شاہین مفتی، سیف اللہ خالد، ارمان نجمی، ریحان صدیقی، کرشن مہیشوری اور کئی دوسرے اہم شاعروں اور ادیبوں کی تحریروں سے یہ شمارہ مزین ہے۔ کرشن مہیشوری کا مضمون کمال کا مضمون ہے اور کئی دوسرے مضامین میں بھی حیرت انگیز انکشافات اور حقائق شامل ہیں۔

انجلا ہمیش (کراچی)

www.aaghee.co.uk کا اردو سیکشن

برطانیہ میں پاکستانی خواتین کی نمائندہ تنظیم آگہی کی ویب سائٹ پر اردو سیکشن قائم کر دیا گیا ہے۔ اس سیکشن میں برطانیہ میں اردو کی شاعرات اور ادیباؤں کو شامل کیا گیا ہے۔ اپنی نوعیت کے لحاظ سے یہ منفرد نوعیت کا اردو سیکشن بن گیا ہے۔

شاعرات میں بدر نازش، بانو ارشد، فرزانہ خان، فیروزہ جعفر، فوزیہ کاظمی، حمیدہ معین رضوی، ماہ پارہ صفدر، محسنہ جیلانی، مسرت طارق، نغمانہ کنول، نجمہ انصار، نجمہ عثمان، نسیم اختر، نیلمانہ ناصر، نور جہاں نوری، نزہت محمود، پاکیزہ بیگ، پروین لاشاری، راحت زاہد، راجو کوثر، رضیہ اسماعیل، صبا نصرت، سعدیہ سیٹھی، سیما جبار، سحاب قزلباش، شبانہ یوسف، شاہین صدیقی، شمع چوہدری، شمیم انصاری، شوکت برجیس، صدیقہ شبنم، سکندر سلیم، سلطانہ مہر، طاہرہ صفی، طلعت سلیم، یاسمین حبیب، یاسمین کومل، زینب حسن، زہرہ نسیم۔ نثر نگار خواتین میں یہ نام شامل ہیں۔ ڈاکٹر امیر زہرہ رضوی، انور نسرین، بانو ارشد، پروین لاشاری، چاند کرن، حمیدہ معین رضوی، ڈاکٹر رضیہ اسماعیل، ستارہ لطیف خانم، سحاب قزلباش، سعدیہ سیٹھی، سعیدہ شریف، سلطانہ مہر، سلیم عالم، شاہدہ احمد، شمسہ مسعود، صبیحہ علوی، صفیہ صدیقی، طلعت سلیم، عذرا عباس، عطیہ خان، ڈاکٹر فیروز مکرجی، فیروزہ جعفر، محسنہ جیلانی، نجمہ عثمان۔ امید ہے اردو رائٹرز کے قارئین اس سیکشن کی ادبی تحریروں سے ادبی مسرت حاصل کر سکیں گے۔

رضیہ اسماعیل (انگلینڈ)

استعارہ دہلی کا شمارہ نمبر ۱۸-۱۷ شائع ہو گیا

صلاح الدین پرویز، یوگیندر بالی اور حقانی القاسمی کی ادارت میں سہ ماہی "استعارہ" دہلی کا شمارہ نمبر ۱۸-۱۷ (جولائی ۲۰۰۴ء تا دسمبر ۲۰۰۴ء) شائع ہو گیا ہے۔ ۲۶۴ صفحات پر مشتمل یہ معیاری ادبی جریدہ اپنی روایتی آن بان کے ساتھ چھپا ہے۔ اس شمارہ کے اہم فنکاروں میں خوشونت سنگھ، ڈاکٹر گوپی چند نارنگ، دیوندر اسر، ناصر عباس نیر، ظفر اقبال، عنبر بہرائچی، حیدر قریشی، رفیق سندیلوی، خاور اعجاز، مشتاق انجم، خالد بن سہیل، بلقیس ظفیر الحسن، فوزیہ چوہدری، ضمیر کاظمی، رؤف خیر، نزہت قاسمی، صلاح الدین پرویز، حقانی القاسمی شامل ہیں۔ جیلانی بانو کے لئے ایک گوشہ سجایا گیا ہے۔ اس گوشہ میں کرشن چندر، جیلانی بانو، ڈاکٹر حنیف فوق، عتیق احمد، ممتاز احمد اور حقانی القاسمی کی تحریریں شامل ہیں۔

نذر خلیق (خانپور)

صدائے اردو کا چوتھا شمارہ شائع ہو گیا

فاروق بوچھا کی ادارت میں ماریشس سے اردو اخبار "صدائے اردو" کا چوتھا شمارہ شائع ہو گیا ہے۔ اس شمارہ کے اردو میں چند اہم لکھنے والوں میں یہ نام شامل ہیں۔ صابر گودڑ، پروفیسر نذر خلیق، فاروق بوچھا، سعید میاں جان، طارق محمود حیدر، خالد ندیم، ارشد اقبال آرش، بی بی سکینہ رسم علی، اور انیس اشفاق۔۔ سولہ صفحات کے اس اخبار کے ۱۰ صفحات اردو میں اور ۶ صفحات انگریزی میں ہیں۔ اس شمارہ کو عید الفطر کے موقعہ پر ریلیز کیا گیا ہے اس لیے یہ چھوٹا سا عید نمبر بھی بن گیا ہے۔ ایک خوشکن خبر یہ ہے کہ اس میں ہمارے urdu_writers@yahoogroups.com کی ادبی خبروں سے انتخاب کر کے اسے پورے صفحہ پر شائع کیا گیا ہے۔ اردو رائٹرز کے بہی خواہوں کے لئے یہ خبر خوشی کا باعث بنے گی۔ ماریشس جیسے جزیرے میں اردو اسپیکنگ یونین اور صدائے اردو کی ادارتی ٹیم نے اردو صحافت کی یہ چھوٹی سی شمع جلائی ہوئی ہے جس کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے۔

حیدر قریشی (جرمنی)

چند نئے موصولہ ادبی رسائل

حالیہ چند دنوں میں مجھے چار ادبی رسائل کے نئے شمارے موصول ہوئے ہیں۔ ان کا مختصراً ذکر کر رہا ہوں۔

۱۔ ماہنامہ **اخبارِ اردو** اسلام آباد پروفیسر فتح محمد ملک کی زیرِ نگرانی اور سید سردار احمد پیرزادہ کی ادارت میں مقتدرہ اسلام آباد کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والا دسمبر ۲۰۰۴ء کا شمارہ دیئے تو اپنے معمول کے مندرجات لئے ہوئے ہے لیکن اس بار ادارہ تحقیقات اردو کی سالانہ رپورٹ شامل کرنے کے باعث رسالہ خاصا ضخیم ہو گیا ہے۔ اہم لکھنے والوں میں ڈاکٹر محمود الرحمٰن، غلام قاسم مجاہد بلوچ، طاہرہ اقبال، احمد ندیم قاسمی، ڈاکٹر اسد اریب، پروفیسر عبدالحق، ڈاکٹر نثار احمد قریشی، اور ادارہ تحقیقات اردو کی سالانہ رپورٹ کے متعدد لکھنے والے شامل ہیں۔

۲۔ سہ ماہی **شعر و سخن** مانسہرہ جان عالم کی ادارت میں مانسہرہ سے سہ ماہی شعر و سخن باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ زیرِ نظر شمارہ نومبر ۲۰۰۴ء تا جنوری ۲۰۰۵ء ہے۔ اس شمارہ کے اہم لکھنے والوں میں احمد ندیم قاسمی، محسن بھوپالی، سلطان سکون، ارشد جمال شمسی، رستم نامی، عارف فرہاد، عامر سہیل، نصرت ظہیر، آصف ثاقب، حامد سراج، ڈاکٹر بلند اقبال شامل ہیں۔

۳۔ دو ماہی **گلبن** لکھنؤ سید ظفر ہاشمی اور ثریا ہاشمی کی ادارت میں گلبن کا نومبر، دسمبر ۲۰۰۴ء کا شمارہ شائع ہو گیا ہے۔ چند اہم لکھنے والوں میں اکبر حمیدی، علقمہ شبلی، امین خیال، بھگوان داس اعجاز، شباب للت، رؤف خیر، عطیہ خان، رام پرکاش کپور، شامل ہیں۔

۴۔ سہ ماہی **علم و فن** گوجرانوالہ **خواتین ماہیا نگار نمبر** عرفان احمد قریشی کی ادارت میں سہ ماہی علم و فن گوجرانوالہ نے اپنا خاص شمارہ خواتین ماہیا نگار نمبر شائع کیا ہے۔ اس نمبر کے مدیر خصوصی امین خیال ہیں۔ ۳۱۲ صفحات کا یہ ضخیم نمبر ۱۰۱ خواتین ماہیا نگاروں کے تعارف اور ماہیوں سے آراستہ ہے۔ شروع میں خواتین کی ماہیا نگاری کے تعلق سے چند اہم مضامین بھی شامل کئے گئے ہیں۔ جن ماہیا نگاروں کے ماہیے شامل کئے گئے ہیں ان سب کے نام دینا تو ممکن نہیں تاہم چند اہم نام یہاں درج کر رہا ہوں: بشریٰ رحمٰن، رضیہ اسماعیل، ترنم ریاض، ثریا شہاب، عذرا اصغر، شبہ طراز، سلطانہ مہر، یاسمین سحر، رخسانہ نور، فرحت نواز، ریحانہ سرور، شاہدہ ناز، شاہدہ لطیف اور منزہ اختر شاد۔

حیدر قریشی (جرمنی سے)

جب ہم کچھ سنبھلے تو ان لوگوں کے بارے میں غور کرنے لگے جو سمندری لہروں سے متاثرین کے لئے ہر جگہ سے چندہ کر رہے ہیں۔ شکوک و شبہات کا عالم ہم پہ طاری ہو گیا اور ان کے خلوص، محبت اور ہمدردی کے متعلق ہمارے دل میں ان گنت سوالات پیدا ہونے لگے۔ کون سا فرقہ کس کے لیے چندہ کر رہا ہے، کون اس معاملے میں کس سے سبقت لے جانا چاہتا ہے، کون ہمدردی کے نام پہ نمائش کا ڈھنڈورا پیٹ رہا ہے، جمع شدہ رقم کیا مستحقین تک پہنچ پا رہی ہے کہ نہیں، سمندری لہروں سے پیشتر کیا غریبی نام کی کوئی شے اس جہاں میں نہیں تھی، کیا بے شمار لوگ ننگے بھوکے ٹھٹھرے ہوئے روزانہ موت کا جام نہیں پی رہے تھے۔ کیا فلک بوس عمارتوں کے سائے جھونپڑیوں کی غلاظت میں پلے اور گندی نالیوں کے زہر آلود پانی پینے والے اب باقی نہیں رہے؟ غرض اس طرح کے ہزاروں سوالات کا ایک لامتناہی سلسلہ بنتا جا رہا تھا کہ اچانک بارش کے چند قطرے ہمارے بالوں پھر جبیں سے گزرتے ہوئے ہماری گالوں پہ اس طرح پڑے کہ جیسے درد میں بے ساختہ آنکھوں سے آنسو جاری ہوں۔ ان قطروں کو موتی سمجھ کر ہم نے اپنے دامن میں رکھ لیے اور غالب کا شعر پھر تعاقب کرنے لگا۔

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہل کرم دیکھتے ہیں

ہم ابھی دو قدم ہی چلے تھے کہ زوروں کی بارش ہونے لگی۔ ایک گھنے درخت کے تنے سے ٹیک لگائے ہم کھڑے ہو گئے۔ کچھ کھو سے گئے۔ ہم نے چند لمحوں کے لیے ہاتھوں میں خالی پلیٹ لیے اپنے آپ کو اس ہوٹل کے دروازے پہ پایا۔ یہ کوئی خواب تھا یا کوئی حقیقت تھی؟

گذشتہ سے پیوستہ

کمزور پیروں سے مضبوط سفر، روشنی کی طرف

از صبا حنفی

ہم اور مسئلے کی طرف آتے ہیں۔ ایک غلط فہمی بہت عام ہے کہ بچے کو اگر وٹامن خوب دیے جائیں اور ٹانک پلائے جائیں تو ذہنی معذوری دور ہو سکتی ہے۔ یہ بات بھی درست نہیں ہے۔ ایسی بھی کوئی دوا نہیں جس سے ست دماغ تیز ہو جائے۔

کچھ والدین ذہنی طور پر معذور اولاد کا علاج یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی شادی کر دی جائے۔ بیٹا یا بیٹی جسمانی طور پر بالغ ہو جائیں اور ذہنی طور پر معذور ہوں تو ضروری نہیں کہ یہ کمی شادی سے دور ہو جائے۔ شادی ذہنی معذوری کی دوا نہیں ہوتی۔

یہ سوچنا کہ تمام ذہنی طور پر معذور افراد ایک جیسے ہوتے ہیں یا ان میں ایک ہی جیسی کمی ہوتی ہے بالکل غلط ہے۔ یہ سوچنا غلط ہے کہ ذہنی معذوری کے شکار بچوں کو بہت زیادہ پیار دیا جائے۔ اس سلسلے میں کسی غیر معمولی توجہ کی ضرورت نہیں ان کے ساتھ نارمل طریقے سے پیش آنا کافی ہے۔

ذہنی معذوری میں قسمت کا کوئی دخل نہیں ہوتا۔ یہ سوچ لینا کہ ذہنی بچوں کو کوئی تربیت نہیں دی جا سکتی یا یہ کہ ان کو تعلیم نہیں دی جا سکتی صحیح نہیں ہے۔ انہیں پڑھایا بھی جا سکتا ہے اور کوئی کام بھی سکھایا جا سکتا ہے۔ ہاں انہیں پڑھانے اور ان کو کام سکھانے کے طریقے مختلف ہوں گے۔ ان کے اساتذہ کے لیے خصوصی تربیت حاصل کرنا ضروری ہے۔

ذہنی معذوری ذہنی بیماری نہیں ہوتی۔ اسی لیے اس کا علاج بھی نہیں ہو سکتا۔ ہاں یہ ضروری ہو سکتا ہے کہ ان اسباب کو اور ان حالات کو سمجھا جائے جو کسی بچے میں ذہنی معذوری پیدا کرتے ہیں اس قسم کی صحیح سمجھ سے بچے کی حالت میں سدھار لایا جا سکتا ہے۔ اصل میں معذور بچے میں ایک تو یہ کہ کسی بات کو سیکھنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔ یعنی کہ اسے سکھانے میں کچھ دیر لگتی ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ سماج کے ساتھ ہم آہنگ ہونے میں بھی وقت لیتا ہے۔ یعنی کہ ایسے بچے ماحول سے اپنے آپ کو فوراً ہم آہنگ نہیں کر پاتے۔

یہی وجہ ہے کہ ایسے بچوں کی اصل کمزوری کو پہچاننا بہت ضروری ہے۔ اس پہچاننے میں جتنی دیر لگے گی بچے کے مستقبل پر اس کا اتنا ہی برا اثر پڑے گا۔ مثال کے طور پر ایک بچہ ہے جو لفظوں کو صحیح طریقے سے ادا نہیں کر پاتا۔ ہم یہ طے کر بیٹھتے ہیں کہ وہ ذہنی لحاظ سے معذور ہے اور اپنے طور پر ترقی نہیں کر سکتا ہم علاج تلاش کرنے لگتے ہیں دماغی کمزوری کا جب کہ بچے کو اصل ضرورت کیمیو تھراپی کی ہے۔ اس طرف سے ہم لاپرواہ رہتے ہیں اور نتیجے میں ہوتا یہ ہے کہ بچے کی صحیح نشوونما نہیں ہو پاتی۔ بچہ اگر ٹھیک سے سنتا نہیں، ٹھیک سے دیکھتا نہیں، ٹھیک سے بولتا نہیں تو ہمیں اس کی اصل کمزوری پہچاننا چاہئے۔

عام صورتوں میں ذہنی معذوری ایک تعلیمی، سماجی اور نفسیاتی مسئلہ ہوتی ہے۔ صحیح طریقے سے پڑھنا، بچے کے لئے اس کی ضرورت کے مطابق صحیح ماحول پیدا کرنا، نفسیاتی اعتبار سے اس کے ساتھ برتاؤ میں ہر بات کا خیال رکھنا اسے خصوصی وسیلوں کی مدد سے تربیت دینا، یہ باتیں ضروری ہوتی ہیں۔ معذور بچے تین طرح کے ہوتے ہیں۔ معمولی طور پر معذور بچے، درمیانی یا اوسط سطح کی معذوری کے شکار بچے۔ اور نہایت معذور بچے جو اپنی بنیادی ضرورتوں کو بھی پورا نہ کر سکیں اور دوسروں کی مدد کے محتاج ہوں۔ پہلی اور دوسری سطح کے بچوں کو خصوصی تربیت دی جا سکتی ہے اور ان QK I پڑھایا جا سکتا ہے۔ اس کے اوکیشنل ٹریننگ اور شیلٹرڈ ورک شاپ ہیں ہلکی یا معمولی معذوری کے شکار بچوں کی سیکھنے کی صلاحیت اور جسمانی نشوونما میں ترقی ممکن ہے اور انہیں کچھ کھیلوں کی طرف سازوں کی طرف مصوری اور سلائی بنائی کی طرف مائل کیا جا سکتا ہے۔

کھلنے سے پہلے ہی مرجھانے والے ان پھولوں کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں آخر میں کچھ باتیں اس سلسلے میں بھی ایک تو یہ کہ جگہ جگہ چائلڈ گائڈنس کلینکس قائم ہوں۔

دوسرے یہ کہ ایسے بچوں کے لئے اسپیشل اسکول ہوں اور خصوصی طور پر تربیت پانے والے ٹرینڈ ٹیچرس ہوں۔

تیسرے یہ کہ اسپتالوں میں ان کے لئے اسپیشل وارڈ ہوں۔

چوتھے یہ کہ ایسے بچوں کی ہوم ٹریننگ اور ان کے والدین کی کاؤنسلنگ ہوتی رہے۔

پانچویں یہ کہ ایسے بچوں کے لئے تربیت پائے اساتذہ کے علاوہ سائکالوجسٹ سوشل ورکر اور اسپیچ تھراپسٹ کی موجودگی بھی ضروری ہے جو ان بچوں کی ضرورتوں کو سمجھ سکیں۔

چھٹی یہ کہ بڑی عمر کے معذور افراد کے لئے واکیشنل ٹریننگ اور ان کی آبادکاری یعنی rehabilitation کا انتظام ہو۔

ساتویں یہ کہ ایسے بچوں کے لئے بیمے اور ٹرسٹ اسکیموں کی آسانیاں بھی ہونی چاہئیں۔

آٹھویں یہ کہ ذہنی معذوری کے شکار بچوں کے حقوق بھی وہی سمجھے جائیں جو نارمل بچوں کے ہوتے ہیں۔

ٹھیک ہے کہ دنیا میں سب برابر نہیں ہوتے لیکن کسی مثالی سماج میں سب کو برابر کا موقع تو ملنا ہی چاہیے۔ آخر ہر پودے کو ایک ہی مقدار میں یا ایک ہی جیسا پانی تو راس نہیں آتا۔



Sada-é-Urdu A publication of The Urdu Speaking Union

محرم الحرام ۱۴۲۶ھ

صدائے اردو

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے
وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

اداریہ

صدائے اردو

صدائے اردو کا پانچواں شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ قارئین صدائے اردو کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا خوشی ہوگی کہ آپ ہی کی مہربانی اور تعاون سے صدائے اردو نے آج ایک سال طے کر لیا ہے۔ اگر قارئین کا تعاون اس طرح حاصل رہا تو وہ دن دور نہیں جب صدائے اردو اخبار باقاعدگی سے نظرنواز ہوگا۔ اس کی اشاعت میں تیز رفتاری بھی آجائے گی اور اردو زبان کے فروغ کا ایک اور سلسلہ جاری ہو جائے گا۔ خاص طور پر جب اردو اسپیکنگ یونین کے فعال صدر جناب شہزاد عبداللہ احمد صاحب کی یہ بڑی خواہش ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کے دلوں میں اردو پڑھنے اور سیکھنے کا شوق پیدا کیا جائے، اور اس زبان سے دلچسپی دلائی جائے۔ یہ سچ ہے کہ لوگوں کو اردو زبان سے دلچسپی دلانے کے بہت سے ذرائع ہیں، لیکن ماریشس کے سیاق وسباق میں یہ ضرور کہوں گا کہ صدائے اردو اُن میں سے ایک ذریعہ ضرور ہے۔ آج صدائے اردو نہ صرف دنیا کے کونے کونے میں پہنچ گیا ہے، بلکہ اس کی گونج ہر اردو داں کے گھر تک سنائی دیتی ہے اور اس کے لیے میں جرمنی کے حیدر قریشی صاحب کا بے حد مشکور و ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی اردو رائٹر ڈاٹ کام کے ذریعہ یہ کام سرانجام دیا ہے۔ یہ انہی کی مہربانی ہے کہ آج صدائے اردو کی تشہیر پوری دنیا میں ممکن ہو پائی ہے اور اُس کا ثبوت دنیا بھر کے قارئین کے خطوط اور ای۔میل ہیں۔

پھر یو۔ایس۔یو (USU) کے صدر کی یہ مہم کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اردو سے دلچسپی دلائی جائے۔ اردو کے فروغ کے لئے ہر راہ کامرانی کی تلاش کی جائے۔ تو میں یہ ضرور کہوں گا کہ دلی دور نہیں کیونکہ ان سب کاموں کے لئے اخبار صدائے اردو ایک اہم اور مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے۔ اب تک جو شمارے سامنے آئے، وہ اُن لوگوں تک محدود تھے جنہیں اردو سے دلچسپی ہے۔ اب یہ دلچسپی ہم اُن لوگوں میں دیکھنے کے خواہاں ہیں، جن کے دلوں میں وہ شوق، وہ لگن اور وہ جذبہ تو ہے پر انہیں ابھارنے کا موقع نہیں دیا جا رہا تھا۔ اس سلسلے میں، میں بین الاقوامی سطح پر اُن لوگوں سے درخواست کرتا ہوں کہ ہمیں ایسی سی۔ڈیز (CDs) یا ڈی۔وی۔ڈیز (DVDs) فراہم کرانے میں مدد کریں یا ایسی تنظیموں کے پتے ارسال کریں جن سے ہم خود رابطہ قائم کر کے غیر اردو طبقہ تک اردو کے پروگرام پہنچائیں اور اس میٹھی اور پُرتاثیر زبان کی چاشنی پیدا کرا سکیں۔ اس کے علاوہ اردو کے فروغ کے ضمن میں جو بھی دیگر ذرائع ہوں، اردو اسپیکنگ یونین کو مطلع کرنے کی زحمت گوارا کریں۔ دراصل اردو دنیا سے منقطع ایک کونے میں ہم صدائے اردو کے ذریعہ شمع اردو روشن کئے ہوئے ہیں۔ اس میں ہماری کامیابی کہاں تک ہوگی یہ وقت بتائے گا۔

فاروق بوچھا

تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

از صابر گودڑ

کہتے ہیں انسان جیتا ہے کھانے کے لئے۔ شاید لوگ صحیح کہتے ہوں گے۔ انواع و اقسام کے کھانے بھی قدرت کی بیش بہا دین ہے۔ یہ ایک ایسی نعمت ہے جس کا اقرار ہر ایک کرتا ہے۔ اس میں غرباء و امراء یا چھوٹے بڑے کی تخصیص نہیں۔ اس نعمت عظمیٰ کا کہاں تک صحیح استعمال ہوتا ہے یہ ایک سوالیہ نشان بن کر ہمارے ذہن کے پردے سے اکثر ٹکراتا ہے اور ہم تفکرات کی دنیا میں محو ہو کر غالب کے اس شعر کے از سر نو معنی و مفہوم تلاش کرنے میں سرگرداں ہو جاتے ہیں۔

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہل کرم دیکھتے ہیں

ہماری گزر ایک ہوٹل سے ہوئی۔ ہم اچانک رُک گئے۔ صبح سے بغیر ناشتہ کئے گھر سے نکلے تھے۔ پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے۔ بھوک کی شدت جب ناقابل برداشت ہوگئی تو ہم نے سوچا پریم چند کے کفن کے کرداروں کی طرح کیوں نہ بن جائیں۔ ابھی ہم نے ہوٹل کی دہلیز پہ قدم رکھا ہی تھا کہ ویٹر نے اپنی گرجدار آواز میں مختلف کھانوں کے نام گنوا دئے۔ جب تک یہ صدائے بازگشت ختم ہونے کے مرحلے پہ تھی ہم نے اپنے آپ کو ایک گول میز کے پاس دو چار غیر مانوس افراد کے قریب بیٹھے ہوئے پایا۔ ہم نے مختصر سے کھانے کا آڈر دیا۔ جب ہم نے جیب ٹٹولی تو رسوائی کے ڈر سے یہی غنیمت سمجھا کہ پاؤں پھیلانے کی گنجائش نہیں ہے کیونکہ چادر تنگ تھی۔ ہوٹل کے چاروں طرف جب ہم نے ایک طائرانہ نظر دوڑائی تو کئی میزیں خالی تھیں۔ غالباً گاہکوں نے یا عام لوگوں نے پہلے سے حملہ کر دیا تھا مگر پلیٹیں یونہی چھوڑ رکھی تھیں۔ کئی پلیٹوں میں اتنے کھانے پڑے تھے کہ یوں لگتا تھا جیسے کھانے والوں نے محض منھ کا ذائقہ بدلنے کے لئے یا صرف نمائش کی غرض سے کھانے منگوا کر چھوڑ دئے تھے۔ یا یوں بھی سمجھتے ہوں گے کہ پلیٹوں میں کھانے چھوڑنا نئی تہذیب کی پہچان ہے۔ خیر اب انسانی ذات کو اس جھوٹے کھانے سے کوئی غرض نہیں ہوگی کیوں کہ یہ کتوں کی نذر ہو جائیں گے۔

ہم نے سالن کے ساتھ روٹی کا نوالہ توڑا ہی تھا کہ ہماری طرح بھوک سے تڑپتے ہوئے مزید کئی لوگ آ موجود ہوئے اور ہوٹل میں جیسے دوبارہ جان پڑ گئی۔ ان کے حلیے سے لگتا تھا کہ وہ متمول خاندان کے افراد تھے۔ دیکھتے دیکھتے چند متوسط طبقے کے اشخاص کی بھی آمد ہوئی۔ سب کھانے میں مگن تھے۔ اتنے میں دور سے چیتھڑے میں کوئی نظر آیا۔ وہ بس یہی آواز لگائے جا رہا تھا "میں بھوکا ہوں۔ مجھے روٹی کھلا دو صاحب! اس کی یہ پُر درد آواز ہوٹل کی دیواروں سے ٹکرا کر لوٹ آتی تھی اور جس طرح خارش زدہ کتے کو لوگ اپنے پاس آنے سے روکتے ہیں اور گھن محسوس کرتے ہیں اسی طرح اس غربت زدہ ادھ مرا شخص کی یہی حالت تھی۔ وہ مایوس ہو کر صدائیں دیتے ہوئے چلا گیا۔ اور ہم غالب کو پھر سوچنے لگے۔ تماشائے اہل کرم دیکھتے ہیں۔ آدھ گھنٹے کے اندر ہوٹل خالی سی ہوگئی۔ پھر وہی کرب ناک منظر آنکھوں کے سامنے تھا۔ کسی پلیٹ میں چاول، کسی میں سبزی، کسی میں روٹی، کسی میں گوشت کے ٹکڑے پڑے ہوئے تھے۔ ان بے پروا لوگوں کو اس کی فکر ہی کب تھی کہ اس نعمت عظمیٰ کی نارسائی سے دنیا کے کئی حصوں میں ہڈیوں جیسے جسم والے روزانہ جاں بحق ہو رہے ہیں اور جن کی کوئی قدر و قیمت ہی نہیں۔

زندگی بھی کیا عجیب کھیل کھیلتی ہے۔ حسن اتفاق دیکھیے کہ جن نا آشنا چہروں کو ہم نے ہوٹل میں دیکھا تھا ان میں کئی ایسے چہرے تھے جن سے دوبارہ ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ انہیں شاید ہماری صورت کی پہچان نہیں تھی، لیکن ہم ان کے چہروں کے خدوخال سے پوری طرح واقف تھے۔ اس بار ہماری ملاقات شہر کے نکڑ پہ ہوئی۔ وہ بڑے بڑے اشتہار چسپاں کئے ہوئے لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ یہ اعلان کر رہے تھے۔" سمندری لہروں Tsunami سے متاثرین لاکھوں کروڑوں افراد کے لئے ہمیں آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ وہ لوگ بھی ہماری طرح انسان ہیں۔ آج وہ تباہی و بربادی سے دوچار ہیں۔ آیئے دل کھول کر عطیات یا نقد روپیوں کی صورت میں مدد کیجیے۔" ہم پھر سے سوچنے لگے کہ یہ زندگی کا کتنا بڑا المیہ اور تضاد ہے کہ وہی افراد جنہوں نے ہوٹل میں کسی بھوکے غریب کو روٹی کے ایک ٹکڑے سے محروم کر دیا تھا آج سر بازار رحم و کرم کا پُرفریب لبادہ اوڑھے سمندری لہروں سے متاثرین کے لئے ہمدرد و ہمنوا بن بیٹھے ہیں۔ جب ہم سوچ کی گہرائی میں مزید ڈوبنے لگے تو ہمارے دماغ کے پردے پر سمندری لہروں کی زد میں آئے ہوئے ان تمام لوگوں کی تصاویر ابھر کر آنے لگیں۔ چیخ و پکار، بے گھر و یار و مددگار، خالی پلیٹیں لیے ہوئے ایک نوالے کے لئے بے قرار، چہروں پر عمر بھر کی افسردگی کے آثار، غرض ان بھیانک اور غم و اندوہ کے جان لیوا مناظر موجیں بن بن کر ہمارے وجود کے ساحل سے یوں ٹکرا رہے تھے کہ چند لمحوں کے لیے ہم ان متاثرہ علاقوں سے ہزاروں میل دور ماریشس میں بیٹھے یہ محسوس کرنے لگے کہ اگر خدانہ خواستہ دوبارہ سونامی پیدا ہوئی اور ہم اس کی زد میں آگئے تو دنیا کے نقشے پہ نقطے کی مانند اس جنت نما جزیرے کا کیا حشر ہوگا۔ خدا ہی جانے۔ ہمارے اندر خوف کی ایک لہر سی دوڑ گئی اور ہم ساکت و جامد سے ہوگئے۔

باقی صفحہ ۲ پر